سجدے میں کتنی انگلیاں لگانا واجب ہے اور بھولے سے رہ جائے تو کیا حکم؟

فتوی نمبر:WAT-668

تاریخ اجراء:16شعبان المعظم1443ھ/20مارچ2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

(الف)سجدے میں اگر ایک پاؤں کی دو انگلیاں اور دوسرے پاؤں کی چار انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگا تو کیا واجب ادا ہو جائے گا یا نہیں؟

(ب)اگر سہواً کسی کے پیروں کی صرف دو انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگا تو کیا سجدہ سہو سے نماز مکمل ہو جائے گی؟ یا نماز از سرِ نو ادا کرنا ہوگی؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

(الف)سجدہ میں دونوں پاؤں کی دس انگلیوں میں سے کسی ایک انگلی کا پیٹ زمین پر لگنا فرض ہے اور ہر پاؤں کی تین تین انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگنا واجب ہے اور دونوں پاؤں کی دسوں انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگنا اور ان کا قبلہ رو ہونا سنت ہے۔ اگر کسی نے اس طرح سجدہ کیا کہ ایک پاؤں کی دو انگلیاں زمین پر لگی رہیں اور دوسرے پاؤں کی چار انگلیاں تو فرض ادا ہو گیا لیکن واجب ادا نہیں ہوا کیونکہ ہر پاؤں کی تین تین انگلیاں لگانا واجب ہے۔

(ب)اور اگر سہوا کسی کے پیروں کی صرف دو انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگا تو سجدہ سہو سے نماز مکمل ہو جائے گی کہ یہ نماز کے واجبات میں سے ہے اور نماز کا کوئی واجب بھولے سے رہ جائے تو سجدہ سہو کا حکم ہوتا ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو احمد محمد انس رضا عطاری مدنی

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftAhlesunnat
Dar-ul-Ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net